3 اپریل 2020

عزیز CPS فیملی،

چونکہ اس ہفتے ہم ختم کرنے کی تیاری کر رہے ہیں، لہٰذا ہم آپ کی طاقت اور برداشت کی خاطر آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ان مختلف طریقوں کا دیکھنا نہایت حوصلہ افزا رہا کہ جن سے ہماری CPS فیملی ایک دوسرے کو تعاون فراہم کر رہی ہے، اور ہمیں امید ہے کہ آپ کو یہ ویڈیو اتنی ہی ولولہ انگیز لگے گی جتنی کہ ہمیں لگی۔

اگرچہ یہ مروجہ اسکول سال سے بہت آگے کا وقت ہے، ہمارے ضلع جات نے اگلے ہفتے بہار کی چھٹیاں شیڈول کر دی ہیں۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ ہمارے خاندان، اساتذہ اور پرنسپلز اس وقت کو آرام کرنے اور صحت یاب ہونے میں استعمال کر سکیں گے۔ مل جل کر، ہم امریکہ کے تیسرے بڑے اسکول ضلع کے لئے ریموٹ تدریس کے نظام کا سوئچ دبانے والے ہیں جو کہ ہفتوں کی بات ہے-سالوں کی نہیں۔ عام وقتوں میں بھی، یہ ایک یادگار کاوش ہو گی۔ ہم ہر ایک کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ بہار کے وقفے کو اپنی توانائی بحال کرنے کے لئے استعمال کریں، اور ہم 13 اپریل کو اسکول ورچوئل بنیاد پر دوبارہ شروع کریں گے۔

وقفے کے آغاز سے قبل ہمارے پاس آپ سے شیئر کرنے کے لئے متعدد اہم یاددہانیاں اور اپ ڈیٹس موجود ہیں۔

**ہم نے ریموٹ تدریس کے لئے آپ کو تیار ہونے میں مدد دینے کی خاطر متعدد وسائل وضع کیے ہیں۔**

ہمارے اسکولز ریموٹ تدریس کے ایسے منصوبہ جات بنانے کی خاطر سخت محنت کرتے رہے ہیں جو بہار کے وقفے کے بعد اور ریاستی لاگو کردہ باقی ماندہ بندشی مدت تک ہمارے طلباء کو اعلیٰ معیار کے تدریسی مواقع مہیا کریں گے۔ ریموٹ تدریس اور تربیتی سرگرمیوں کی بابت مزید معلومات کے لئے، براہ کرم cps.edu/remotelearning ملاحظہ کریں۔ ضرورت مند طلباء کے لئے ریموٹ تدریس کو قابل رسائی بنانے کی ضلعی کاوش کے حصے کے طور پر، اسکول 100,000 سے زائد ڈیوائسز تقسیم کریں گے تاکہ طلباء گھر پر رہتے ہوئے تدریسی سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں۔ ان ڈیوائسز میں 65,000 اسکول پر مبنی کروم بکس، لیپ ٹاپس اور آئی پیڈز؛37,000 نئی ڈیوائسز؛ اور خیراتی اداروں کے ممکنہ تعاون سے اضافی ڈیوائسز شامل ہوں گی۔ اسکولز اپنے متعلقہ اسکول ضلع جات کے ساتھ اپنی کوشش پر صلاح مشورہ کریں گے۔ ہم نے ان خاندانوں کے لئے یہ رہنمائی بھی وضع کی ہے جو ریموٹ تدریس کے لئے انٹرنیٹ سے جڑنے کے مختلف طریقوں کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں۔

**ہماری کمیونیٹیز کو بہتر خدمات فراہم کرنے کے لئے لیں اور جائیں(Grab-and-Go) والے کھانے کے مقامات تبدیل ہو گئے ہیں۔**

دوران بندش گریب اینڈ گو طعام لیتے وقت ہمارے خاندانوں کو مستقل ترین خدمات خدمات فراہم کرنے کے لئے اور اسکول کے عملے، کو بہتر طور پر تعاون فراہم کرنے کے لئے، خوراک کی تقسیم کے مقامات تبدیل کیے جائیں گے۔ بہار کے وقفے کے دوران، خاندان پیر تا جمعرات، صبح 9 بجے سے دوپہر 1 بجے تک شہر بھر میں 130 سے زائد اسکول مقامات سے گریب اینڈ گو طعام لے سکتے ہیں۔۔ **ہمارے عملے**

**کو گڈ فرائی ڈے کے لئے چھٹی دینے کی غرض سے طعامی مقامات جمعہ، 10 اپریل کو کھولے نہیں جائیں گے، اور ہم خاندانوں کو اس کے مطابق بندوبست کرنے کا مشورہ دیں گے۔**
رواں ہفتے، پیر، 13 اپریل سے آغاز کر کے، 270 سے زائد اسکولز جو خاندانوں کے لئے بائی ڈیمانڈ تقسیم کار مقامات ہیں وہ مفت طعام مہیا کرنے کے لئے کھلے رہیں گے۔ cps.edu/mealsites پر اپنا نزدیک ترین طعام کا مقام تلاش کریں۔

**اسکولز کی بندش کے دوران محفوظ گزر گاہیں مزید کھلی نہیں رہیں گی۔**

اسکول کی بندش کے آغاز سے، ہمارے محفوظ گزرگاہ کے کارکنان نے گریب اینڈ گو طعام تک رسائی کرتے وقت خاندانوں کی مدد کرنے میں اہم اور قابل قدر کردار ادا کیا۔ طعام کی تقسیم کے دوبارہ مرتب کردہ منصوبے کے تحت، ہمارے خاندان ایسے مختلف راستوں سے طعام لے رہے ہوں گے جو کہ ہماری معیاری محفوظ گزر گاہوں سے مطابقت نہیں رکھتے۔ اس تبدیلی کے سبب، محفوظ راستے کے کارکنان اپنے معمول کے راستوں پر مزید تعینات نہیں رکھے جائیں گے۔ تاہم ، ہمارے عملے سے کیے گئے ہمارے وعدے کے حصے کے طور پر، محفوظ راستوں کے کارکنان کو ادائیگی کی جاتی رہے گی۔ جب تک اسکولز بند رہیں گے، محفوظ گزرگاہ کے ساتھ شراکت داری کرے گا تاکہ خاندانوں کو مدد فراہم کرنے کے ضمن میں کارکنان کے لئے دیگر موقعوں کی نشان دہی کی جا سکے۔

**مردم شماری کو مکمل کرنا یہ یقینی بنانے کے لئے ضروری ہے کہ ہمارا ضلع وہ وسائل حاصل کرے جو ہمیں درکار ہیں۔**

ہم اگلے ہفتے آپ کوU.S. مردم شماری مکمل کرنے کے لئے کچھ وقت نکالنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ مردم شماری کا ڈیٹا یہ یقینی بنانے میں مدد دیتا ہے کہ ہمارا شہر وفاقی حکومت سے وافر وسائل حاصل کرے۔ جتنے زیادہ گھرانے مردم شماری مکمل کریں گے، اپنے اسکولز اور ہمسایہ گھرانوں میں سرمایہ کاری میں مدد کی خاطر ہمیں اتنی زیادہ فنڈنگ حاصل ہو گی۔ آپ آن لائن، بذریعہ فون، یا بذریعہ ڈاک مردم شماری پُر کر سکتے ہیں۔ براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ مردم شماری میں آپ سے آپ کی امیگریشن یا شہریت کی حیثیت سے متعلق سوال نہیں پوچھا جائے گا، اور ہر جواب کو خفیہ رکھا جائے گا۔
CPS آپ میں سے ہر ایک کے ساتھ کھڑا ہے، اور ہم اس وقت میں اپنی اسکول کمیونٹیز کو مدد دینے کی خاطر وہ سب کریں گے جو ہم کر پائے۔

خیر خواہ،

لاتانیا ڈی مکڈیڈ (LaTanya D. McDade)
چیف ایجوکیشن آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز

جینس کے جیکسن، Janice K. Jackson, EdD (EdD)
چیف ایگزیکٹو آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز